نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر زرعی ویلیو چین میں بہتری کے لئے قائم زرعی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس کا لاہور میں انعقاد۔

لاہور 22 مئی 2023(   ) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر زرعی ویلیو چین میں بہتری کے لئے زرعی ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔اس 13 رکنی زرعی ٹاسک فورس کی سربراہی وزیراعلیٰ پنجاب کریں گے جبکہ دیگر ممبران میں صوبائی وزیر انڈسٹریز، چیف سیکرٹری پنجاب، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، سیکرٹری زراعت، لائیو اسٹاک، آبپاشی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (ریسرچ) کے علاوہ آپٹما و دیگر تنظیموں کے نمائندگان شامل ہیں۔اس ٹاسک فورس کمیٹی کا مقصد زرعی ویلیو چین میں بہتری لاتے ہوئے زرعی شعبہ کیلئے بزنس ماڈل کے قیام میں معاونت فراہم کرنا ہے تاکہ زراعت کا شعبہ جدید دور کے چیلنجز سے نبرد آزما ہو سکے۔اس کے علاوہ یہ زرعی ٹاسک فورس پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی کرے گی تاکہ زرعی پیداواری اہداف کو حاصل کر کے ملک کے لئے کثیر زرِمبادلہ کا حصول ممکن بنایا جائے۔اس کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی سرِفہرست ہے۔انھوں نے کہا کہ اس زرعی ٹاسک فورس کے قیام سے کاشتکاروں کے مسائل کو کم کرنے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے۔اس موقع پر صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلال افضل نے کہا کہ زراعت کے شعبے کو روایتی طریقہ کاشت سے جدید میکنائزڈ کاشتکاری کی جانب شفٹ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہماری فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ امسال کپاس کی کاشت کا ہدف 85 فیصد تک حاصل کر لیا گیا ہے جبکہ صوبہ میں کپاس کی کاشت تیزی سے جاری ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر تمام متعلقہ محکمے کپاس کی بحالی کے لئے کاشتکاروں کی معاونت جاری رکھے ہوئے ہیں۔اس موقع پر شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر انجم علی نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں حکومتی کسان دوست اقدامات کی بدولت زراعت کا شعبہ ترقی کر رہا ہے۔امسال گندم کی پیداوار گزشتہ سال کی نسبت 8 گنا اضافہ جبکہ گنے، تیلدار اجناس اور مکئی کی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ کپاس کی بحالی بھی شروع ہو چکی ہے۔اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب سیدہ کلثوم حئی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر اختر سمیت دیگر افسران و پرائیویٹ سیکٹر کے نمائندوں نے شرکت کی

☆☆☆☆